سوال

(207) رفع الیدین کی ابتداء

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا رفع الیدین حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے آغاز اسلام سے ہی کرنے کا حکم دیا تھا یا درمیان میں یا آخر میں۔ بریلوی علماء کہتے ہیں کہ جبرائیل علیہ السلام نے حضورﷺ کو نماز کی تعلیم دیتے ہوئے رفع الیدین نہ کیا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں ہے ''رسول اللہﷺ جب رکوع کرتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے تو رفع الیدین کرتے ایک روایت میں ہے جب دو رکعتوں سے اٹھتے تو رفع الیدین کرتے'' (بخاری ۔ الاذان ۔ باب رفع الیدین اذا قام من الرکعتین) تو واضح ہے اس میں اول اسلام درمیان اسلام اور آخر اسلام والی ساری نمازیں شامل ہیں کیونکہ رکوع تو تمام میں پایا جاتا ہے ۔ آپ ان سے پوچھیں افتتاح صلاۃ والا رفع الیدین آغاز سے ہے یا درمیان میں یا آخر اسلام میں ؟ فَمَا ہُوَ جَوَابُہُمْ فَہُوَ جَوَابُکُمْ ۔

باقی جبریل علیہ السلام کے رفع الیدین تعلیم نہ دینے والی حدیث کا حوالہ ان سے طلب فرمالیں ہمیں تو معلوم نہیں رفع الیدین کیے بغیر پڑھی ہوئی نماز رسول اللہﷺ والی نماز نہیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

نماز کا بیان ج1ص 179

محدث فتویٰ